روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
# الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 15 جنوری 2009ء 17 محرم 1430 ہجری 15 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 11

## عجائبات قرآن

حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے قرآن کریم کے متعلق فرمایا۔

**لا تنقضی عجائبه**

اس کے عجائبات کبھی ختم نہیں ہوں گے

(جامع ترمذی کتاب فضائل القرآن باب فضل القرآن حدیث نمبر 2831)

# ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

یادرکھوقرآن شریف حقیقی برکات کا سرچشمہ اورنجات کا سچا ذریعہ ہے۔ یہ ان لوگوں کی اپنی غلطی ہے جوقرآن شریف پرعمل نہیں کرتے۔ عمل نہ کرنے والوں میں سے ایک گروہ تو وہ ہے جس کواس پراعتقاد ہی نہیں۔اوروہ اس کوخداتعالیٰ کا کلام ہی نہیں سمجھتے۔ یہ لوگ تو بہت دور پڑے ہوئے ہیں۔لیکن وہ لوگ جوایمان لاتے ہیں کہ وہ اللہ تعالیٰ کا کلام ہےاورنجات کا شفابخش نسخہ ہے،اگروہ اس پرعمل نہ کریں توکس قدرتعجب اورافسوس کی بات ہے۔ان میں سے بہت سے تو ایسے ہیں جنہوں نے ساری عمر میں کبھی اسے پڑھا ہی نہیں۔پس ایسے آدمی جو خداتعالیٰ کے کلام سے ایسے غافل اورلاپرواہیں ان کی ایسی مثال ہے کہ ایک شخص کومعلوم ہے کہ فلاں چشمہ نہایت ہی مصفّٰی اورشیریں اور خنک ہےاوراس کا پانی بہت سی امراض کے واسطے اکسیراورشفا ہے۔ یہ علم اس کویقینی ہے لیکن باوجوداس علم کےاور باوجود پیاسا ہونے اور بہت سی امراض میں مبتلا ہونے کے وہ اس کے پاس نہیں جاتا تو یہ اس کی کیسی بدقسمتی اور جہالت ہے۔اسے تو چاہئے تھا کہ وہ اس چشمہ پرمنہ رکھ دیتا اورسیراب ہوکراس کے لطف اورشفابخش پانی سے حظ اٹھاتا۔مگر باوجودعلم کے اس سے ویسا ہی دور ہے جیسا کہ ایک بےخبر۔اوراس وقت تک اس سے دوررہتا ہے جوموت آکرخاتمہ کردیتی ہے۔اس شخص کی حالت بہت ہی عبرت بخش اورنصیحت خیز ہے۔..........کی حالت اس وقت ایسی ہی ہورہی ہے۔وہ جانتے ہیں کہ ساری ترقیوں اورکامیابیوں کی کلید یہی قرآن شریف ہے جس پرہم کوعمل کرنا چاہئے، مگرنہیں۔اس کی پروابھی نہیں کی جاتی۔ایک شخص جونہایت ہمدردی اورخیرخواہی کے ساتھ اورپھرنری ہمدردی ہی نہیں بلکہ خداتعالیٰ کے حکم اور ایماء سے اس طرف بلاوے تو اسے کذّاب اوردجّال کہا جاتا ہے۔اس سے بڑھ کراورکیا قابل رحم حالت اس قوم کی ہوگی......کو چاہئے تھا اور اب بھی ان کے لئے یہی ضروری ہے کہ وہ اس چشمہ کوعظیم الشان نعمت سمجھیں اوراس کی قدرکریں۔اس کی قدر یہی ہے کہ اس پرعمل کریں۔ اورپھر دیکھیں کہ خداتعالیٰ کس طرح ان کی مصیبتوں اورمشکلات کودورکردیتا ہے۔کاش..........سمجھیں اورسوچیں کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے ایک نیک راہ پیدا کردی ہے۔اوروہ اس پرچل کرفائدہ اٹھائیں۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 141.140)

قرآن کوچھوڑکرکامیابی ایک ناممکن اورمحال امر ہے۔اورایسی کامیابی ایک خیالی امر ہےجس کی تلاش میں یہ لوگ لگےہوئے ہیں۔صحابہ کےنمونوں کواپنے سامنے رکھو۔دیکھوانہوں نے جب پیغمبرخداصلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کی اوردین کودنیا پرمقدم کیا تو وہ سب وعدے جواللہ تعالیٰ نے ان سے کئے تھے پورے ہوگئے۔ابتداء میں مخالف ہنسی کرتے تھے کہ باہرآزادی سے نکل نہیں سکتے اور بادشاہی کے دعوے کرتے ہیں۔لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں گم ہوکروہ پایا جوصدیوں سے ان کے حصے میں نہ آیا تھا۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 409)

قرآن شریف کےانواروبرکات اوراس کی تاثیرات ہمیشہ زندہ اورتازہ بتازہ ہیں ..............اوراللہ تعالیٰ ہمیشہ اپنے اپنے وقت پر اپنے بندوں کواس کی حمایت اورتائید کے لئے بھیجتا رہا ہے۔کیونکہ اس نے وعدہ فرمایا تھا کہ (۔) یعنی بےشک ہم نے ہی اس ذکر (قرآن شریف) کونازل کیا ہےاورہم ہی اس کےمحافظ ہیں۔ (ملفوظات جلد چہارم ص 450)

## عائلی زندگی کے متعلق حضور انور ایدہ اللہ کے خطبات بطور نشر مکرر

۞ مجلس شوریٰ پاکستان 2008ء کی سفارشات کی روشنی میں معاشرہ میں احمدی گھرانوں کو جنت نظیر بنانے کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے عائلی زندگی کے متعلق فرمودہ خطبات درج ذیل شیڈیول اور پاکستانی وقت کے مطابق ایم ٹی اے پرنشر ہورہے ہیں۔احباب اس سے استفادہ فرمائیں۔

**ہر ہفتہ** 12:00 بجے دن اور 9:30 بجے رات
**ہر اتوار** 4:30 بجے شام اور 10:15 بجے رات
**ہر سوموار** 3:15 بجے صبح (ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)

## وقف جدید کے نئے سال کا علان

۞ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے وقف جدید کے سال نو کا اعلان فرمادیا ہے۔اللہ تعالیٰ نیا سال مبارک کرے۔آمین

جملہ امرائے کرام ،صدران جماعت ،سیکرٹریان مال ،سیکرٹریان وقف جدید نئے سال کے وعدہ جات کے حصول کے سلسلہ میں چندضروری امور کومدنظر رکھتے ہوئے دعااور تدبیر سے کام لیتے ہوئے اس الٰہی تحریک کومضبوط کرنے کیلئے بھرپور سعی فرما کرممنون فرمائیں۔

☆احباب جماعت مرد وزن چھوٹے بڑے سب اس الٰہی تحریک میں شامل کئے جائیں ۔ اچھی طرح تسلی کرلیں کہ کوئی فرد جماعت نہ رہ جائے۔

☆بالغان اور دفتر اطفال کے علیحدہ فارموں پر الگ الگ وعدے حاصل کئے جائیں۔

☆مد امدادمراکز میں بھی حسب استطاعت احباب کوتحریک کریں کہ حسب توفیق کچھ نہ کچھ ضرور وعدہ اورادائیگی فرمائیں۔

☆تمام احباب سے مالی وسعت کے مطابق وعدے حاصل کرنے کی سعی کی جائے۔

☆حضور انور نے خطبہ جمعہ فرمودہ 9 جنوری 2009ء میں فرمایا کہ نومبائعین کو وقف جدید میں شامل کریں ۔لہٰذا اپنی جماعت کے زیادہ سے زیادہ نومبائعین کووقف جدید میں شامل کیا جائے۔احباب کو وعدوں کے حصول کے ساتھ وصولی کی درخواست بھی کی جائے جس حد تک ممکن ہو وصولی کر لی جائے۔کوشش کریں کہ ماہ فروری کے وسط تک لازماً وعدے دفتر پہنچ جائیں ۔اللہ تعالیٰ آپ کے ساتھ ہو۔
(ناظم مال وقف جدید)

تعارف

# خلافت جوبلی مجلّہ لجنہ اماء اللہ ضلع لاہور

## بعنوان حضرت مسیح موعود اور خلفاء احمدیت لاہور میں

پنجاب کے دل اور دارالخلافہ لاہور کی سرزمین اللہ کے نیک بندوں کی وجہ سے متبرک رہی ہے۔ لیکن سیدنا حضرت مسیح موعود کے قدم چومنے کے بعد اس خطہ زمین نے وہ مقام و مرتبہ حاصل کیا جو تاریخ احمدیت میں رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا اور پھر لاہور کو خاص تاریخی حیثیت اس لئے بھی حاصل ہے کہ حضرت مصلح موعود نے اسے اپنا دوسرا وطن قرار دیا۔

حضرت مسیح موعود کا لاہور سے تعلق نصف صدی پر پھیلا ہوا ہے۔ آپ نے پہلی مرتبہ 1857ء میں اس خطہ ارض پر قدم رنجہ فرمایا اور 1908ء میں وفات بھی یہیں پائی۔ حضرت مسیح موعود پر خدائی قدرت ورحمت کے کئی نشانات اس شہر میں ظاہر ہوئے۔ حضور کا آخری سفر، آخری تصنیف، آخری خطاب اور آخری الہام اسی شہر عزیز میں ہوا اور پھر خلفاء احمدیت کا لاہور سے تعلق، اسفار اور مصروفیات بھی اتنی زیادہ ہیں کہ ان کو احاطہ تحریر میں لانا اتنا آسان نہیں ہے۔

اللہ تعالیٰ نے لجنہ اماء اللہ ضلع لاہور کو یہ توفیق سعید عطا فرمائی کہ قیام خلافت احمدیہ کے ایک سو سال مکمل ہونے پر اپنی ذہنی استعدادوں اور صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے حضرت مسیح موعود اور ان کے خلفاء کے سفر لاہور، تعلق اور مصروفیات کو تاریخی لحاظ سے مدون و مرتب کریں اور ان کی یہ کاوش 350 صفحات پر مشتمل ایک خوبصورت مجلّہ کی صورت میں کامیابی سے منظر عام پر آئی ہے اور یہ کہنے میں ذرا بھی تامل نہیں ہے کہ خلافت احمدیہ صد سالہ جوبلی کے موقع پر لجنہ لاہور نے یہ تاریخی دستاویز شائع کر کے حضرت مسیح موعود اور خلافت سے وابستگی کا حق ادا کر دیا ہے اور لاہور کے بارے میں ایسی گم گشتہ اور بھولی بسری باتوں کو اکٹھا کیا ہے کہ احباب جماعت کے لئے لاہور کے بارے میں اتنی ڈھیر ساری معلومات ایک جگہ اکٹھا کرنا تحفہ خاص ہے۔ امید ہے تاریخ احمدیت لاہور میں یہ ایک مفید اضافہ جماعتی لٹریچر میں ایک اہم بات ثابت ہوگا۔

اس مجلّہ کے مندرجات کی ایک جھلک ہدیہ قارئین ہے۔ صد سالہ خلافت جوبلی جماعت احمدیہ کے موقع پر حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے مجلّہ لجنہ لاہور کے لئے خصوصی تاثرات، والدہ ماجدہ حضور انور، حضرت صاحبزادی ناصرہ بیگم صاحبہ کا خصوصی پیغام، حضرت مسیح موعود اور خلفاء مسیح پاک کے سفروں کی اہمیت، حضرت مسیح موعود کی لاہور آمد، لاہور میں اتمام حجت کی غرض سے دیئے گئے لیکچرز، حضرت مسیح موعود کی صداقت کے نشان جو لاہور میں پورے ہوئے، حضرت مسیح موعود کا آخری سفر لاہور اور وفات، شہر لاہور میں خواتین اور رفقاء حضرت مسیح موعود اہل لاہور سے متعلق حضرت خلیفۃ المسیح الاول کی رائے، حضرت مسیح موعود کی معیت میں حضرت خلیفہ اول کا سفر لاہور، حضرت خلیفہ اول کے قیام لاہور کے دوران نورانی ساعتیں (معارف وعلمی نکات کا بیان) دور خلافت اولیٰ میں سیدنا محمود کے سفر لاہور، حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کے سفر لاہور اور بعض تاریخی واقعات، حضرت مصلح موعود کی قادیان سے ہجرت اور لاہور میں 2 سال 3 ماہ کا مبارک قیام، لاہور میں مجلس مشاورت اور ظلی جلسہ سالانہ کا انعقاد، حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے سفر لاہور قبل از خلافت، 1953ء کا پُر آشوب دور اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کی لاہور میں اسیری، 1966ء میں پہلا سفر لاہور بحیثیت خلیفۃ المسیح الثالث، 1981ء میں حضرت خلیفہ ثالث کا آخری سفر لاہور، ہلٹن ہوٹل کے استقبالیہ میں شرکت، آخری خطبہ جمعہ دارالذکر لاہور۔ قبل از خلافت حضرت خلیفہ رابع کی لاہور آمد اور مصروفیات، گورنمنٹ کالج لاہور میں تعلیم اور قیام لاہور، حضرت صاحبزادہ مرزا طاہر احمد صاحب کی اہم ملکی خدمات کے لئے لاہور آمد، جنوری 1983ء میں حضرت خلیفہ رابع کے لاہور میں قیام کی مبارک ساعتیں، خطبہ جمعہ بمقام دارالذکر لاہور، لاہور کے طلباء سے ملاقات مجالس سوال و جواب، ہلٹن ہوٹل لاہور میں یادگار استقبالیہ، لاہور کے سفروں کے بارے میں حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کا خط، مختلف امور کے لئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کی لاہور آمد، حضرت صاحبزادہ مرزا مسرور احمد کی لندن روانگی کے لئے لاہور آمد، دور خلافت خامسہ اور لجنہ اماء اللہ کی کارکردگی۔ حضرت خلیفہ خامس ایدہ اللہ تعالیٰ کی لجنہ اماء اللہ کو زریں نصائح اور پیغامات وغیرہ۔

لجنہ اماء اللہ ضلع لاہور نے اس خلافت جوبلی مجلّہ کو خوبصورت رنگین تصاویر اور دیدہ زیب ڈیزائننگ سے جس طرح سجایا ہے اس سے ان کی محنت، لگن، شوق اور مہارت عیاں ہے یہ مجلّہ شائع کرنے پر لجنہ اماء اللہ ضلع لاہور مبارکباد اور شکریہ کی حقدار ہیں۔ اس خوبصورت گلدستہ کو سجانے والی ٹیم کو اللہ تعالیٰ جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین (ایف شمس)

☆☆☆

# نظارت تعلیم کے انعامی سکالرشپس 2008ء کا فائنل رزلٹ

نظارت تعلیم کے زیر انتظام میٹرک اور انٹرمیڈیٹ کے امتحانات 2008ء میں زیادہ سے زیادہ نمبر حاصل کرنے کیلئے مورخہ 31 دسمبر 2008ء تک موصول ہونے والی درخواستوں کے مطابق فائنل رزلٹ شائع کیا جا رہا ہے۔

## میاں محمد صدیق بانی میٹرک انعامی سکالرشپ

امتحان میٹرک

| نمبر شمار | گروپ | نام طالب/طالبہ علم | حاصل کردہ نمبر | بورڈ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | سائنس گروپ | محمد عادل افضل ابن محمد افضل صاحب | 817 | فیصل آباد | بورڈ میں اول پوزیشن ہے |
| 2 | جنرل گروپ | ثمرہ صغیر بنت چوہدری صغیر احمد صاحب | 724 | گوجرانوالہ | |

## میاں محمد صدیق بانی گولڈ میڈل وانعامی سکالرشپ

امتحان انٹرمیڈیٹ

| نمبر شمار | گروپ | نام طالب/طالبہ علم | حاصل کردہ نمبر | بورڈ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | پری انجینئرنگ | سید شہریار احمد شاہ ابن سید نور مبین شاہ صاحب | 992 | فیصل آباد | |
| 2 | پری میڈیکل | حنا کشور بنت محمد اعجاز صاحب | 1005 | فیصل آباد | بورڈ میں دوسری پوزیشن ہے |
| 3 | جنرل گروپ | آمنہ سلیم بنت ڈاکٹر محمد سلیم صاحب | 942 | فیصل آباد | |

## صادقہ فضل سکالرشپ

امتحان انٹرمیڈیٹ

| نمبر شمار | گروپ | نام طالب/طالبہ علم | حاصل کردہ نمبر | بورڈ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | پری انجینئرنگ | عروشہ امتیاز بنت امتیاز العزیز صاحب | 956 | لاہور | |
| 2 | پری انجینئرنگ | فلاح الدین شہریار ابن جمال الدین نور صاحب | 945 | لاہور | |
| 3 | پری میڈیکل | ماہم منصور رانا بنت سجاد منصور صاحب | 977 | فیصل آباد | |
| 4 | پری میڈیکل | ہشام احمد فرحان ابن مبشر احمد خالد صاحب | 966 | فیصل آباد | |
| 5 | جنرل گروپ | عائشہ بنت فصیح الدین صاحب | 912 | ملتان | |

## خورشید عطاء سکالرشپ

امتحان انٹرمیڈیٹ

| نمبر شمار | گروپ | نام طالب/طالبہ علم | حاصل کردہ نمبر | بورڈ | کیفت |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | پری انجینئرنگ | سید موعید احمد ابن سید ذوالقرنین صاحب | 945 | لاہور | |
| 2 | پری میڈیکل | رضاء المحسن ابن تنویر احمد مہار صاحب | 959 | فیصل آباد | |
| 3 | جنرل گروپ | ریاض چوہدری ابن سلطان محمود صاحب | 911 | فیصل آباد | |
| 4 | جنرل گروپ | قاضی رضوان احمد ابن قاضی عبدالشکور صاحب | 896 | لاہور | |

## سندس باجوہ سکالرشپ

(صرف ان طلباء وطالبات کیلئے جن کے MBBS میں داخلہ جات ہو چکے ہیں)

| نمبر شمار | نام طالب علم/طالبہ | حاصل کردہ نمبر | بورڈ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|
| 1 | سمعیہ مبشر بنت مبشر الیاس صاحب | 958 | ڈیرہ غازیخان | |
| 2 | مدیحہ احمد بنت چوہدری داؤد احمد صاحب | 953 | فیڈرل بورڈ | |

(نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

# خلافت کے ساتھ محبت اور خلافت کی برکات وفیوض کا تذکرہ

## حضرت مصلح موعود اور حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے بے پایاں احسانات

مکرم ڈاکٹر ضیاء الدین ضیاء صاحب

قسط اول

بچپن میں ایک حدیث پڑھی تھی کہ ایک دفعہ تین آدمی ایک غار میں پھنس گئے۔ غار کے منہ پر ایک بہت بڑا پتھر آ گیا۔ ان تینوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور اپنی اپنی کسی نیکی کا واسطہ دے کر دعا کی تو پتھر سرک گیا اور وہ تینوں غار سے باہر نکل آئے۔

ایک رات جب میں سونے لگا تو یہی حدیث مجھے یاد آ گئی۔ میں سوچنے لگا کہ کیا کوئی نیکی مجھ میں بھی ہے جو میں اپنے اللہ کے حضور پیش کر سکوں۔ ساری رات آنکھوں میں گزر گئی۔ لیکن مجھے کوئی نیکی نظر نہیں آئی۔ البتہ گناہوں کا انبار تھا جو زمین سے لے کر آسمان تک پھیلا ہوا تھا۔ یہی سوچتے سوچتے تہجد کا وقت ہو گیا اور میں اپنے اللہ کے حضور سجدہ ریز ہو گیا۔

اگلی رات خیال آیا کہ اللہ تعالیٰ کے فضلوں کو گنوں تو دل نے کہا او بیوقوف کیا تو بارش کے قطروں کو گن سکتا ہے؟ اگر گن سکتے ہو تو پھر اس کے فضلوں کو گن کر دکھلاؤ۔ پھر میں بچپن سے لے کر اب تک کا اپنا جائزہ لینے لگا۔ قدم قدم پر اللہ تعالیٰ کے فضلوں اور اس کے پیار اور اس کے احسانوں کا نظارہ کرتا رہا۔ اسی دوران تہجد کا وقت ہو گیا اور میں اللہ تعالیٰ کے حضور سجدے میں گر گیا۔ میری آنکھوں سے آنسوؤں کی جھڑی لگ گئی۔ میں کس زبان سے اپنے پیارے اللہ کا شکر ادا کروں۔ وہ زبان کہاں سے لاؤں۔ آخر یہ کیا ماجرا ہے۔

### برکات خلافت کے

### چند واقعات

مجھے یاد آیا بچپن میں میری والدہ (اللہ تعالیٰ آپ پر بہت بہت رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین) مجھے مکھن دیتیں اور فرماتیں یہ مکھن حضرت اماں جان کی خدمت میں دے آؤ۔ ایک دفعہ جب میں مکھن لے کر حضرت اماں جان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ تو اسی وقت حضرت خلیفۃ المسیح الثانی بھی تشریف لے آئے۔ آپ کے ہاتھ میں ایک پلیٹ اور ایک روٹی تھی۔ حضرت اماں جان نے فرمایا محمود ایک لقمہ اس بچے کو بھی دو۔ حضور نے ایک لقمہ مجھے بھی دے دیا۔ حضرت اماں جان نے فرمایا محمود ایسے نہیں ایک لقمہ لے کر اپنے دانتوں سے آدھا توڑ کر خود اپنے ہاتھ سے اس بچے کو کھلاؤ۔ یہی وہ لقمہ تھا جس کی برکات سے میں اب تک فیضیاب ہو رہا ہوں۔

قادیان میں محلّہ دارالعلوم اور محلّہ دارالرحمت کے درمیان والی سڑک اکثر موسم برسات میں ڈھاب کے قریب ٹوٹ جایا کرتی۔ برسات کے بعد وقارعمل ہوا کرتا تھا۔ قادیان کے سب بڑے چھوٹے اس وقارعمل میں شامل ہوا کرتے تھے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی بھی تشریف لایا کرتے تھے۔ میں ان دنوں اطفال میں تھا۔ پانی پلانے کی ڈیوٹی سرانجام دیتا۔

مجھے یاد ہے ایک دفعہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اور آپ کے ساتھ حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب مٹی کی بھری ہوئی ٹوکریاں خود اٹھا رہے تھے میں حضور کے قریب چلا گیا اور پانی پینے کے لئے پیش کیا۔ حضور نے میرے ہاتھ سے گلاس لے کر پانی پی لیا۔ اسی طرح حضرت چوہدری صاحب نے بھی پانی لے کر پی لیا۔

قادیان میں صاحبزادی امۃ الرشید صاحبہ کی شادی میاں عبدالرحیم احمد صاحب سے ہوئی رخصتی کے موقع پر مجھے بھی شامل ہونے کا شرف حاصل ہے۔ زمین پر صفیں بچھا کر اوپر دسترخوان بچھایا گیا۔ چائے اور بسکٹ پیش کئے گئے اور دعا ہوئی۔

قادیان کا ایک اور ایمان افروز واقعہ بیان کئے دیتا ہوں۔ ان دنوں ہمارا گھر محلّہ دارالعلوم میں ہوا کرتا تھا۔ رمضان کا مہینہ تھا ہمارے والد صاحب کسی کام سے گئے ہوئے تھے ہماری والدہ کی پھوپھی آپا ہاجرہ شام کے وقت تشریف لائیں اور والدہ سے دریافت کیا کہ کیا پکایا ہے۔ والدہ صاحبہ نے فرمایا کچھ بھی نہیں پکایا۔ گھر میں کچھ بھی نہیں ہے جو میں پکاتی اور نہ ہی میرے پاس کوئی پیسے ہیں جو بازار سے سودا منگوا لیتی اور مولوی صاحب کہیں کام گئے ہوئے ہیں۔ ابھی تک وہ نہیں آئے۔ آپا ہاجرہ سخت ناراض ہوئیں اور کہا تم نے حضور کی خدمت میں کیوں نہ عرض کیا اور فوراً واپس گھر گئیں ان کا گھر بہشتی مقبرہ کے قریب والے محلّہ میں تھا۔ وہ گھر سے کھانا وغیرہ لے کر دوبارہ محلّہ دارالعلوم ہمارے گھر آئیں اور کہنے لگیں مریم بچوں کو بھوکا سلا دیا ہوگا ان کو اٹھاؤ اور کھانا کھلاؤ۔ ہماری والدہ صاحبہ فرمانے لگیں آپ کا خدا اور خلیفہ کوئی اور نہیں ہے۔ ہمارا خدا اور ہمارا خلیفہ بھی وہی ہے۔ آپ ناراض تھیں کہ حضور کو کیوں نہیں بتلایا یہ دیکھیں حضور کی برکت سے اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے غیب سے اللہ تعالیٰ نے ہمارے لئے کتنی نعمتیں بھیجی ہیں۔ کئی قسم کے کھانے اور روپوں کا انتظام بھی اللہ نے فرما دیا ہے۔ وہ یہ دیکھ کر حیران ہوئیں اور اگلے روز یہ واقعہ حضور کی خدمت میں سنا دیا۔ حضور نے فرمایا مریم ٹھیک کہتی ہیں۔ ان کا خلیفہ اور ان کا خدا بھی وہی ہے۔ جو تمہارا ہے۔

### تکبر بڑا گناہ ہے

مدرسہ احمدیہ قادیان میں جب میں پڑھتا تھا ان دنوں صاحبزادہ مرزا وسیم احمد، صاحبزادہ مرزا رفیع احمد اور صاحبزادہ مرزا خلیل احمد صاحبان کی ایک الگ سپیشل کلاس ہوا کرتی تھی۔ یہ سب صاحبزادگان تقریباً میرے ہم عمر تھے۔ ہمارے ہیڈ ماسٹر حضرت سید میر محمد اسحاق صاحب ہوتے تھے صبح کی اسمبلی میں ہم سب اکٹھے ہوتے تھے اور بیت اقصیٰ میں ظہر کی نماز پڑھنے جاتے تھے۔ حضرت مولوی عبدالرحمٰن جٹ صاحب نماز پڑھاتے اور عصر کی نماز کے بعد حضرت میر صاحب درس حدیث دیا کرتے۔ ایک حدیث مجھے ابھی تک نہیں بھولی یہ حدیث مجھے ہمیشہ محتاط رہنے کی طرف توجہ دلاتی رہی وہ حدیث یوں تھی کہ ایک شخص فوت ہو گیا۔ فرشتوں نے کہا یہ بہت نیک شخص تھا اس کو پہلے آسمان پر پہنچا دو۔ اسی طرح سے دوسرے پھر تیسرے آخر ساتوں آسمان پر وہ شخص پہنچ گیا۔ ساتویں آسمان کے فرشتوں نے اللہ تعالیٰ کے حضور عرض کیا یہاں تک تو ٹھیک ہے لیکن اس شخص میں ایک برائی تھی اور وہ تکبر تھا۔ تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا پھر اس شخص کو زمین پر پھینک دو یہ حدیث مجھے ہمیشہ ہوشیار کرتی رہی ہے۔ بعض دفعہ انسان کو معلوم بھی نہیں ہوتا۔ اس کے منہ سے تکبر کی بات نکل جاتی ہے۔ بہت ہی مقام خوف ہے۔ اللہ تعالیٰ محفوظ رکھے۔ آمین

### یتیم کی پرورش

قادیان میں ہماری والدہ کی ایک پھوپھی تھیں ان کا ایک بیٹا اور دو بیٹیاں تھیں وہ چھوٹی عمر میں ہی اپنے والد کی محبت سے محروم ہو گئے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے اپنے احباب سے پوچھا ان بچوں کی کون پرورش کرے گا۔ اس پر حضرت نواب محمد علی خان صاحب نے عرض کیا حضور ہم ان بچوں کی پرورش اپنے بچوں کے ساتھ کریں گے اور نواب صاحب نے گھر جا کر نواب مبارکہ بیگم صاحبہ کو حضور کا پیغام دیا۔ انہوں نے فرمایا ہم دونوں مل کر ان بچوں کی پرورش کریں گے۔ جیسے اپنے بچوں کی کریں گے اور انشاء اللہ حضور کو کسی شکایت کا موقع نہیں دیں گے۔ یہ تینوں بچے آجکل کراچی میں ہیں۔ اللہ اللہ یہ خلافت ہی کی برکت ہے۔ ایک غریب عورت کے بچوں کی پرورش ایک نواب کے گھرانے میں ہوئی۔

### چائے کا تحفہ

قادیان میں حضور کی تحریک پر میں فوج میں بھرتی ہو کر دارجیلنگ آ گیا۔ یہ مغربی بنگال میں کوہ ہمالیہ کا ایک خوبصورت صحت افزا مقام ہے جہاں ماؤنٹ ایورسٹ کا نظارہ کرنے کے لئے لوگ دور دور سے آتے ہیں۔ جس پہاڑی پر سے نظارہ کیا جاتا ہے اس کا نام ٹائیگر ہل ہے۔ خاکسار نے بھی اس پہاڑی پر جا کر ماؤنٹ ایورسٹ کا نظارہ کیا ہے۔ خیر میں وہاں فوج کی طرف سے لوکل پرچیز آفیسر کے فرائض سرانجام دے رہا تھا۔ ایک دفعہ قادیان سے ہمارے انسپکٹر مال مکرم سید شجاعت علی صاحب تشریف لائے۔ وہ ہمارے صدر جماعت مکرم شیخ محمد صدیق صاحب آف چنیوٹ کے ہاں ٹھہرے ہوئے تھے۔ انہوں نے فرمائش کی کہ مجھے لپٹن کمپنی سے چائے منگوا دیں۔ میں نے کمپنی کے مینیجر صاحب جو ایک انگریز تھے کو فون کیا۔ انہوں نے 14 پونڈ چائے بھجوا دی۔ ساتھ ہی کہا ضیاء صاحب آئندہ کم از کم دو ہفتے پہلے بتلا دیا کریں یہ چائے بھی وائسرائے ہند کے لئے پیک کروائی تھی جواب آپ کو بھجوا رہا ہوں اور یہ چائے بازار سے آپ کو نہیں ملے گی۔ کیونکہ یہ بہت کم مقدار میں پیدا ہوتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پانچ ہزار فٹ کی بلندی پر اور تین سال کے پودوں کی اوپر کی تین کونپلیں ہم لیتے ہیں اور یہ چائے کمپنی سے ڈائریکٹ سپلائی کی جاتی ہے۔ اس کی قیمت یہاں کمپنی میں پانچ روپے فی پونڈ ہے جبکہ دوسری چائے جو ہم بازار میں سپلائی کرتے ہیں۔ اس کی قیمت تین آنے فی پونڈ ہے۔ چائے آنے پر میں نے سید شجاعت علی صاحب سے کہا۔ آپ یہ 14 پونڈ چائے قادیان لے جائیں۔ اس میں دو پونڈ آپ کے لئے۔ باقی چائے میرے والد صاحب کو دے دیں اور میں نے ایک خط والد صاحب کے نام لکھ دیا کہ یہ 12 پونڈ چائے ہے۔ آپ اس طرح سے تقسیم کر دیں۔

4 چار پونڈ چائے حضور کے لئے،

2 دو پونڈ چائے آپ کے لئے،

2 دو پونڈ چائے پھوپھی جان کے لئے،

2 دو پونڈ چائے حضرت مفتی محمد صادق صاحب کے لئے اور دو پونڈ چائے جہاں آپ مناسب سمجھیں دے دیں۔

جب حضور نے یہ چائے استعمال کی تو والد صاحب سے دریافت کیا یہ چائے کہاں سے آئی ہے۔ والد صاحب کے بتلانے پر حضور نے فرمایا۔ ضیاء الدین کو لکھیں کہ ہر ماہ 4 پونڈ چائے مجھے بھجوا دیا کریں۔ جب والد صاحب کا خط مجھے ملا۔ تو میں نے کمپنی کے مینیجر صاحب کو حضور کا ایڈریس لکھوا دیا اور تاکید کی کہ بلاناغہ ہر ماہ 4 پونڈ چائے حضور کی خدمت میں بھجوا دیا کریں اور بل مجھے بھجوا دیں۔ کمپنی کے مینیجر صاحب نے جب حضور کی پسند کا سنا تو کہنے لگے ضیاء الدین صاحب ہم باقاعدگی سے ہر ماہ حضور کی خدمت میں چائے بھجوا دیا کریں گے اور کسی قسم کی قیمت نہیں لیں گے۔ ہمارے لئے یہی بہت بڑا اعزاز ہے کہ جماعت احمدیہ کے امام کی خدمت کا موقعہ آپ نے ہم کو دیا ہے۔

### باعزت بری کر دیا گیا

کلکتہ کا ایک واقعہ ہے۔ میرے خلاف ایک جھوٹا

مقدمہ دائر کر دیا گیا اور مجھے گرفتار کر لیا گیا۔ میرے مخالفوں نے جو کچھ ان سے ہوسکتا تھا وہ کیا۔ میں نے اس مقدمے کے بارے میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں لکھا اور ساتھ دعا کی درخواست کی اور پھر ہر ہفتہ ایک کارڈ حضور کی خدمت میں دعا کے لئے لکھتا رہا۔ یہ مقدمہ تقریباً 6 ماہ چلا۔ آخر مجھے عدالت میں پیش کیا گیا۔ عدالت میں میرے خلاف دو اصل ملزموں کو وعدہ معاف گواہ بنا کر پیش کیا گیا اس کے علاوہ گیارہ کلاس ون آفیسر بھی میرے خلاف گواہی دینے کے لئے پیش ہوئے۔ میرے مخالفوں کو انگریز آفیسروں پر بھروسہ تھا کہ ضیاءالدین کو کم از کم 3 سال کی جیل ہو جائے گی۔ لیکن مجھے یقین تھا کہ جس کڑے کو میں نے ہاتھ ڈالا ہے انشاءاللہ وہ مجھے باعزت رہائی نصیب کرے گا اور ایسے ہی ہوا۔

حضور کی دعاؤں سے اور اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم سے پہلی ہی پیشی میں مجھے باعزت رہا کیا گیا بلکہ میرے خلاف جھوٹی گواہی دینے والوں کے خلاف ہتک عزت کا دعویٰ کرنے کی اجازت بھی دی گئی۔ اگر حضور کی دعائیں اور اللہ تعالیٰ کا فضل میرے ساتھ نہ ہوتا تو میں جیل میں ہوتا۔

## احمدی محفوظ رہے

1947ء میں جب ہندوستان دو حصوں میں بٹ گیا، تمام ملک میں قتل وغارت کا بازار گرم تھا۔ میں نے اپنی آنکھوں سے کلکتہ کے فسادات دیکھے، بمبئی جو آجکل ممبئی Mambaie کہلاتی ہے۔ وہاں خون خرابہ ہوتا دیکھا پھر لاہور کو جلتا ہوا دیکھا ہر طرف افراتفری پھیلی ہوئی تھی۔ لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل اور رحم سے احمدی خلافت کی برکت سے ہر جگہ محفوظ رہے۔ پارٹیشن کے وقت میں قادیان میں تھا۔ حضور لاہور رتن باغ میں تشریف لا چکے تھے۔ ہم لوگ بے فکر ہو کر سوتے تھے۔ لیکن ہمارے پیارے آقا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی قادیان کے احمدیوں کے بارے میں فکرمند تھے۔ صرف احمدیوں کے بارے میں ہی نہیں بلکہ دوسرے لوگوں کے لئے بھی فکرمند تھے۔ اس زمانے کے اخبارات اٹھا کر دیکھیں تو معلوم ہو جائے گا کہ حضور نے کس طرح سے دوسرے لوگوں کا خیال رکھا۔ جماعت کے ہوائی جہازوں کے ذریعہ کیمپوں میں دوائیاں گرائی جاتی رہیں۔ خیر میں نے اپنے آپ کو درویشان قادیان کے لئے پیش کر دیا۔ میرا نمبر 301 تھا۔

10 نومبر 1947ء کو مجھے مرکز کی طرف سے حکم ملا۔ آپ اس کنوائے سے پاکستان چلے جائیں اور حسب وعدہ 25 دسمبر 1947ء کو حضور کی خدمت میں حاضر ہو کر رپورٹ کریں۔

جب ہم لوگ قادیان سے امرتسر پہنچے تو ایک واقعہ ہو گیا۔ ہوا یوں کہ جس لاری میں ہم سوار تھے اس کے ڈرائیور نے ہارن دیا۔ آگے ایک عورت پانی کا گھڑا اٹھائے سڑک پر سے گزر رہی تھی۔ وہ عورت ہارن کی آواز سن کر یکدم گھبرا گئی اور اس کے ہاتھ سے پانی کا گھڑا زمین پر گر کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔ بس پھر کیا تھا۔ نوجوانوں نے ہماری لاری کو گھیر لیا۔ تھوڑی دیر میں سپرنٹنڈنٹ پولیس اور ڈپٹی کمشنر موقعہ پر پہنچ گئے۔ یہ دونوں نہایت ہی شریف انسان تھے۔ انہوں نے موقعہ کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے ہجوم سے کہا آپ فکر نہ کریں ہم ان کو پولیس سٹیشن لے جائیں گے۔ ہماری کنوائے کی تین گاڑیاں تھیں۔ انہوں نے پچھلی دونوں گاڑیوں کو واہگہ جانے کی اجازت دے دی اور ہماری گاڑی کو اپنے ساتھ لے گئے۔ کچھ دور جا کر انہوں نے کہا آپ اس کچے راستے سے چلے جائیں یہ راستہ آپ کو واہگہ بارڈر پر لے جائے گا جہاں پر دوسری دونوں گاڑیاں انتظار کر رہی ہیں۔ جب ہم واہگہ بارڈر پر پہنچے تو وہ دونوں گاڑیاں ہمارا انتظار کر رہی تھیں شام ہو چکی تھی۔ گیٹ بند ہونے میں چند منٹ باقی تھے۔ ہم نے گیٹ کراس کیا اور پاکستان کی سرحد میں داخل ہو گئے۔ چند منٹ رکنے کے بعد ہمارا کنوائے رتن باغ لاہور کے لئے روانہ ہوا۔ راستے میں سڑک کے دونوں طرف مہاجروں نے ڈیرہ جمایا ہوا تھا اور سخت بو آ رہی تھی۔ کتنے تھے جو بڑی مشکل سے پاکستان پہنچے لیکن یہاں آ کر دم توڑ دیا۔ ان بیچاروں کی لاشیں سڑک کے دونوں جانب پڑی ہوئی تھیں۔ لیکن ایک ہم لوگ تھے۔ خلافت کی برکت سے بغیر کسی قسم کی تکلیف اٹھائے خیریت سے رتن باغ پہنچ گئے۔

جہاں پر ہمارے پیارے آقا نے ہمارے لئے رہائش اور کھانے پینے کا انتظام کر رکھا تھا۔ جب دوسرے قافلوں کو دیکھا جو ہجرت کر کے پاکستان آ رہے تھے۔ ان میں اکثر قافلے راستے میں ہی آدھے ہلاک کر دیئے گئے۔ جو پاکستان پہنچے ان کا بھی کوئی خیال کرنے والا نہیں تھا۔

## حضرت مصلح موعود کی خدمت کا موقع

ایک خواب کی بنا پر جب میں فوج کی ملازمت چھوڑ کر ربوہ آ گیا اور مجھے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت کا موقعہ ملا تو جب میں حضور کو مساج کرنے کے بعد ایکسرسائز کرواتا تو حضور کچھ تکلیف محسوس کرتے۔ مگر اس سے حضور کی صحت دن بدن بہتر ہونے لگی۔ ہمارا خیال تھا اس دفعہ جلسہ سالانہ پر حضور افتتاحی خطاب فرماویں گے لیکن اللہ تعالیٰ کو کچھ اور منظور تھا۔

اکتوبر 1965ء کے آخر پر آپ کی صحت دن بدن گرنے لگی صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منور احمد چیف میڈیکل آفیسر فضل عمر ہسپتال نے مجھے اور مکرم لطف الرحمٰن صاحب شاکر جن کو خاندان حضرت مسیح موعود کی خدمت کا شرف حاصل ہے۔ کو حکم دیا کہ آپ دونوں قصر خلافت میں حضور کے کمرے کے قریب والے کمرے میں منتقل ہو جائیں۔ ہم دونوں قصر خلافت میں حضور کے کمرے کے قریب والے کمرے میں منتقل ہو گئے ایک رات اس عاجز نے خواب میں دیکھا کہ حضرت ام ناصر صاحبہ تشریف لائی ہیں اور حضور کا ہاتھ پکڑ کر اپنے ساتھ لے جا رہی ہیں اور اس عاجز سے فرماتی ہیں۔ ضیاءالدین صاحب میں محمود کو اپنے ساتھ لے جا رہی ہوں۔ اب آپ ناصر کا خیال رکھنا اور جس طرح محمود کے لئے آتے تھے اسی طرح ناصر کے پاس آتے رہنا۔ خواب بالکل واضح تھی۔ کہ حضور کی وفات کا وقت قریب ہے اور حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب منصب خلافت پر مامور کئے جا رہے ہیں۔

حضور کی وفات سے ایک رات پہلے یہ عاجز رات گیارہ بجے حضور کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضور کو بٹھایا اور کمر پر مساج کی۔ اگلی رات حضور اپنے مولا کریم کے پاس ہم سب کو غمگین چھوڑ کر چلے گئے۔

اسی شام بیت مبارک میں خلافت کا انتخاب ہوا اور حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب منصب خلافت پر متمکن ہو گئے۔ لوگوں نے آپ کے ہاتھ پر بیعت کر لی۔ یہ عاجز بیعت کے بعد بیت مبارک سے قصر خلافت میں اپنے کمرے میں آ گیا۔ حضور جب قصر خلافت میں تشریف لائے سیڑھیوں میں یہ عاجز کھڑا ہو گیا اور حضور کو مبارک باد دی اور معانقہ کیا۔ حضور نے فرمایا ابھی 3 دن تک یہاں ہی قصر خلافت میں رہنا اور جب جانا ہو تو مجھے مل کر جانا۔

تین دن کے بعد میں نے حضور سے اجازت مانگی تو حضور نے فرمایا ضیاءالدین صاحب آپ جس طرح پہلے آیا کرتے تھے۔ اسی طرح آتے رہنا۔ میں نے عرض کیا۔ حضور یہ تو مجھے پہلے ہی خواب میں آپ کی والدہ صاحبہ فرما گئی تھیں اور میں نے وہ خواب حضور کو سنا دی۔

## حضرت خلیفہ ثالث کی نوازشیں

ایک روز مکرم غلام محمد اختر صاحب جو ان دنوں ناظر دیوان ہوتے تھے۔ ان کا پیغام ملا کہ کل آپ حضور سے فارغ ہو کر میرے گھر آنا اور ناشتہ میرے ساتھ کرنا۔ میں حضور سے فارغ ہو کر اختر صاحب کے ہاں گیا۔ انہوں نے میز کرسیاں باہر لان میں رکھی ہوئی تھیں اور میرا انتظار کر رہے تھے۔

ناشتہ کے بعد فرمانے لگے آپ حضور کے اتنے قریب ہیں کہ آپ کو بہت محتاط رہنا ہو گا۔ خلافت کا مقام بہت بلند ہے۔ اگر حضور آپ سے بے تکلف ہوں تو آپ کو بے تکلف نہیں ہونا چاہئے خدانہ کرے بے تکلفی میں منہ سے کوئی ایسی بات نکل جائے کہ بعد میں پچھتانا پڑے۔ حضور اب کالج کے پرنسپل نہیں ہیں۔ وہ عالمگیر جماعت احمدیہ کے امام اور خلیفہ ہیں۔ ہمیشہ یاد رکھیں کہ خلافت کا مقام اللہ اور رسول کے بعد ہے جو بہت بلند اور قابل احترام ہے۔

حضور کو خود کوئی مشورہ نہیں دینا۔ ہاں حضور خود دریافت فرمائیں تو اور بات ہے اور اگر حضور کوئی تحفہ دیں تو انکار نہیں کرنا اور کبھی سنی سنائی بات حضور کو نہیں سنانی۔

یہ نصائح جی ایم اختر صاحب نے مجھے کیں اور میں نے ہمیشہ اس پر عمل کرنے کی کوشش کی۔

## ہمدردی خلق کا موقع ملا

ایک روز لاہور سے ایک غیر از جماعت افسر حضور سے ملنے کے لئے تشریف لائے۔ ملاقات کے دوران انہوں نے عرض کیا۔ حضور میرے لئے دعا کریں۔ میرے آدھے سر کی درد نے مجھے بہت پریشان کر رکھا ہے۔ بہت علاج کروائے لیکن آرام نہیں آ رہا۔

حضور نے فرمایا میں آپ کے لئے دعا کروں گا آپ ضیاءالدین صاحب سے نسخہ لکھوا لیں انشاءاللہ آرام آ جائے گا اور حضور نے چوہدری غلام حیدر صاحب کو بلوا کر فرمایا ان کو ضیاءالدین صاحب کے پاس لے جائیں اور ان سے نسخہ لکھوا دیں اور جب یہ عاجز حضور کی خدمت میں حاضر ہوا تو فرمایا ایک غیر از جماعت دوست میں نے تمہاری طرف بھجوائے ہیں۔ ان کو نسخہ لکھ دینا اور دریافت فرمایا کہ کیا نسخہ لکھ کر دو گے میں نے عرض کیا حضور یہ نسخہ ہے۔ آپ نے فرمایا بالکل ٹھیک ہے۔ لیکن اس کے ساتھ یہ بھی شامل کر لیں۔ ان سے کہنا کہ یہ نسخہ اس کے ساتھ استعمال کریں اور وہ یہ ہے کہ 7،5 چھوہارے دودھ میں ہلکی آنچ پر ابال کر رات کو دودھ کے ساتھ یہ ادویات لے لیں۔

جب میں ہسپتال پہنچا تو چوہدری غلام حیدر صاحب ان صاحب کو لے کر میرے پاس پہنچے اور حضور کا پیغام دیا۔ میں نے حضور کی ہدایات کے مطابق نسخہ لکھ کر دے دیا۔ معلوم نہیں حضور نے اس عاجز کی طرف ان کو کیوں بھیجا جبکہ ہسپتال میں تجربہ کار سپیشلسٹ ڈاکٹر موجود تھے۔

## آدھی روٹی بہتر ہے

خاکسار کی تنخواہ کے بارے میں انجمن میں کیس چل رہا تھا۔ ان دنوں میں نے خواب میں دیکھا کہ حضرت مسیح موعود تشریف لائے ہیں۔ آپ کے ہاتھ میں دو روٹیاں ہیں۔ آپ مجھے فرماتے ہیں۔ باہر کی دو روٹیوں سے یہاں کی آدھی روٹی بہتر ہے اور آپ نے آدھی روٹی مجھے عطا فرما دی۔ یہ خواب میں نے حضور کو سنا دی۔ چند دنوں کے بعد جب میں حضور کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضور نے فرمایا تمہاری تنخواہ کا کیس انجمن نے میرے پاس منظوری کے لئے بھجوایا ہے۔ انجمن نے لکھا ہے باہر دو ہزار روپے ماہانہ ملتے ہیں لیکن انجمن ضیاءالدین صاحب کو پانچ سو روپے ماہانہ دینے کی سفارش کرتی ہے حضور نے فرمایا میں نے منظوری دے دی ہے اور اس طرح تمہاری خواب بھی پوری ہو گئی ہے۔ جیسا کہ حضرت مسیح موعود نے خواب میں فرمایا تھا۔

## بابرکت اچکن کا تحفہ

ایک روز جب میں حضور سے اجازت لے کر

(باقی صفحہ 5 پر)

مکرم لقمان احمد شاد صاحب

# وقف جدید سے متعلق بعض بشارات کا تذکرہ

خطبہ عید الفطر 21/اپریل 1958ء میں حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:۔

''میں نے رؤیا میں دیکھا کہ ایک مجلس ہے اور بہت سے لوگ بیٹھے ہوئے ہیں۔ میں ان میں بڑھتا چلا جاتا ہوں چلتے چلتے میں نے دیکھا کہ آگے قاضی ظہور الدین صاحب اکمل بیٹھے ہوئے ہیں اور میں ان کے پاس سے ہو کے گزرا ہوں۔ میں نے اس کی یہ تشریح کی کہ ''الدِّین'' سے مراد...... ہے جیسا کہ قرآنِ کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ...... (آل عمران:20) پس اس لحاظ سے ظہور الدین اکمل کے یہ معنے ہونگے کہ ظہور...... اکمل یعنی خدا تعالیٰ نے ارادہ کر لیا ہے کہ وہ ...... کو دنیا میں کامل طور پر غالب کرے۔ یہ ایک بہت بڑی خوشخبری ہے۔..........

''پھر چند روز ہوئے میں نے دیکھا کہ مَیں ایک مجلس میں بیٹھا تقریر کر رہا ہوں ذہن میں تو نہیں مگر وہ ایسا ہی مجمع ہے جیسے عید کا مجمع ہوتا ہے اور مَیں جماعت کو توجہ دلاتا ہوں کہ دیکھو گو اس وقت تلوار کا جہاد نہیں ہے مگر (دعوت الیٰ اللہ) کا جہاد ہے جو تلوار کے جہاد سے زیادہ آسان ہے، تم رسول کریم ﷺ کے صحابہ کو دیکھو کہ انھوں نے ایمان لانے کے بعد ایسا اخلاص دکھایا کہ یا تو وہ اتنے بتوں کو پوجتے تھے کہ ہر دن میں ایک ایک بت آجاتا تھا اور یا پھر وہ توحید کا جھنڈا اٹھا کر دنیا میں نکل گئے اور اس کے کناروں تک پھیل گئے انھوں نے ایران فتح کیا، عرب فتح کیا، افغانستان فتح کیا اور پھر سندھ کے ذریعہ سے ہندوستان فتح کیا پھر مصر فتح کیا پھر تیونس اور مراکش فتح کیا پھر ہسپانیہ فتح کیا پھر تاریخوں سے ثابت ہے اور بعض آثارِ قدیمہ بھی ایسے ملے ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ پھر مسلمانوں میں سے بعض جہازوں پر بیٹھ کر امریکہ چلے گئے جہاں اب تک بھی ایک پرانی مسجد باقی ہے اور کولمبس نے اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ مَیں نے جو امریکہ دریافت کیا ہے تو اس کی اصل تحریک مجھے ایک مسلمان بزرگ کی تحریر سے ہوئی ہے اس کا اشارہ حضرت محی الدین صاحب ابن عربیؒ کی طرف تھا انھوں نے اپنی کتاب ''فتوحاتِ مکیہ'' میں لکھا ہے کہ میں نے مغرب کی طرف دیکھا تو مجھے نظر آیا کہ اس سمندر کے پرے ایک اور ملک بھی ہے۔ چنانچہ جب لوگوں نے کولمبس پر اعتراض کیا اور بادشاہ نے اسکو روپیہ دینے سے انکار کر دیا اور کہا کہ تجھے وہم ہو گیا ہے اور تو پاگل ہے تو اس نے کہا نہیں مَیں نے یہ بات ایسے لوگوں سے سنی ہے جو کبھی جھوٹ نہیں بولتے یعنی مسلمانوں سے اور پھر انھوں نے بھی یہ بات اپنے ایک بہت بڑے بزرگ کے حوالہ سے کہی ہے اس لئے مَیں ضرور کامیاب ہوں گا اگر ناکام واپس آیا تو آپ کا اختیار ہے کہ جو چاہیں مجھے سزا دیں۔ آخر ملکہ نے اپنے زیور بیچ کر اس کے لئے روپیہ مہیا کیا۔ پادری اس وقت اتنے احمق تھے کہ ایک پادری نے دربار میں تقریر کی کہ یہ تو پاگل ہو گیا ہے اور عیسائیت کے خلاف تقریریں کرتا ہے۔ اس وقت پادریوں کا خیال تھا کہ زمین چپٹی ہے گول نہیں۔ اس نے تقریر کرتے ہوئے کہا کہ اگر زمین گول ہو تو اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی علاقہ ایسا بھی ہے جہاں انسانوں کا سر نیچے ہوتا ہے اور ٹانگیں اوپر اور بارش بھی اوپر سے نیچے نہیں ہوتی بلکہ نیچے سے اوپر ہوتی ہے اولے بھی نیچے سے اوپر گرتے ہیں اور یہ ساری حماقت کی باتیں ہیں لیکن آخر وہی کامیاب ہوا۔

غرض میں نے لوگوں سے کہا کہ دیکھو رسولِ کریم ﷺ کے صحابہ یا تو اتنے کمزور اور ناطاقت تھے کہ سارے عرب میں دس ایرانیوں یا دس رومیوں کا مقابلہ کرنے کی بھی طاقت نہیں تھی اور یا وہ دن آیا کہ وہ اسلام کے سیاہ جھنڈے ہاتھوں میں لے کر نکلے اور دنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیل گئے اور رسول کریم ﷺ کی وفات پر ابھی پندرہ سال کا عرصہ ہی گزرا تھا کہ مسلمان ہندوستان اور چین تک جا پہنچے۔

تم کو بھی چاہئے کہ چھوٹے چھوٹے سیاہ جھنڈے بنا لو اور ''وقف جدید'' کے جو مجاہد ہیں وہ دنیا میں پھیل جائیں اور (دین حق) کا جھنڈا ہر جگہ گاڑ دیں یہاں تک کہ ساری دنیا میں...... کی حکومت قائم ہو جائے اور گو یہ حکومت سیاسی نہیں ہوگی بلکہ دینی اور مذہبی ہوگی کیونکہ یہ لوگ دوسروں کو پڑھائیں گے اور علاج معالجہ کریں گے اور دین سکھائیں گے مگر پھر بھی ان کے ذریعہ...... کا ایک نشان قائم رہے گا۔...... گویا یہ رؤیا میری پہلی رؤیا کی ایک تشریح ہے یہ کام ہے جو تمہارے سپرد کیا گیا ہے تم اس کام کو جلد سے جلد پورا کرو اور (دین حق) کو دنیا کے کونے کونے میں پھیلا دو۔''

(خطبات وقف جدید صفحہ 49-50)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے اپنے خطبہ جمعہ فرمودہ 31 دسمبر 1993ء بمقام ماریشس میں، ماریشس کے ایک واقف زندگی محترم عبدالغنی جہانگیر صاحب کی وقف جدید سے متعلق ایک رؤیا کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا۔

''یہ ایک عجیب اتفاق ہے یا اللہ تعالیٰ کا تصرف ہے کہ ماریشس کی سرزمین سے میں نے وقفِ جدید کے اگلے سال کا اعلان کرنا تھا اور ماریشس کے ہی ایک مخلص نوجوان جو واقف زندگی ہیں یعنی عبدالغنی جہانگیر ان کو اللہ تعالیٰ نے رویاء میں وقف جدید کے متعلق ہی کچھ دکھایا اور تقریباً مہینہ ڈیڑھ مہینہ پہلے انھوں نے بڑے تعجب سے مجھے یہ رؤیا لکھا جو بہت معنی خیز ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ میں نے ایک رویاء دیکھا جس کا دل پر گہرا اثر ہے لیکن سمجھ نہیں آرہی کہ کیا مطلب ہے؟ میں نے دیکھا کہ جماعت احمدیہ ایک میز کی طرح ہے جس کی ٹانگیں بڑی تیزی سے بڑھ رہی ہیں لیکن وقف جدید کی اور تحریک جدید کی دو ٹانگیں باقی ٹانگوں سے زیادہ تیز بڑھ رہی ہیں۔ یہاں تک کہ دیکھتے دیکھتے وقف جدید کی ٹانگ بہت ہی زیادہ تیزی کے ساتھ بڑھنی شروع ہو گئی۔ تحریکِ جدید کی ٹانگ نے پوری کوشش کی کہ ساتھ مقابلہ کرے لیکن نہ کر سکی تو اچانک مَیں نے دیکھا کہ تحریک جدید کی ٹانگ میں بولنے کی طاقت پیدا ہوئی اور اس نے کہا بس بس! اب مَیں اس سے زیادہ برداشت نہیں کر سکتی۔ تم بڑھنا کم کر دو، ہلکا کر دو۔ وقف جدید کی ٹانگ نے جواب دیا یہ میرے بس کی بات نہیں ہے مَیں اپنے اختیار سے نہیں بڑھ رہی، مجھے بڑھنا ہی بڑھنا ہے۔

اس کی تعبیر کچھ تو چندوں کی شکل میں نظر آرہی ہے۔ جس تیز رفتاری کے ساتھ وقف جدید کے چندے گزشتہ سال کے مقابل پر بڑھ رہے ہیں اتنا تیز اضافہ تحریک جدید میں نہیں ہے۔ اس کے علاوہ برکت والی تعبیر کے متعلق امید رکھتا ہوں کہ وہ تعبیر پوری ہوگی اور وہ یہ ہے کہ وقف جدید کے عمل کا میدان ہندوستان، بنگلہ دیش اور پاکستان ہیں۔ اس وقت یہ صورت ہے کہ تحریک جدید کے تابع جو دوسری جماعتیں ہیں وہ بہت زیادہ تیزی سے آگے بڑھ رہی ہیں اس لئے مجھے امید ہے اور میری دعا ہے کہ جہانگیر صاحب کی یہ خواب ان معنوں میں پوری ہو کہ اچانک دیکھتے دیکھتے بنگلہ دیش ہندوستان اور پاکستان کی جماعتیں اس تیزی سے آگے بڑھنے لگیں کہ باہر کی جماعتوں سے آگے نکلنے لگیں اور وہ احتجاجاً کہیں کہ تم کچھ بڑھنا کم کر دو اور وہ یہ جواب دیں کہ ہمارے بس کی بات نہیں۔ یہ ہمارے رب کی تقدیر ہے جسے ہم بدل نہیں سکتیں اور خدا کرے کہ میری یہ تعبیر سچی نکلے اور اس کو سچا ثابت کر کے دکھلانے میں ان جماعتوں کو جو محنت کرنی ہے، جو دعا کرنی ہے، جس اخلاص سے خدمت کرنی ہے ہم سب مل کر ان کے لئے دعا کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ ان کو یہ توفیق بخشے اور واقعۃً یہ نظارے ہم اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں کیونکہ حضرت مسیح موعود کا آغاز اس ملک سے ہوا جو آج ان تین ملکوں میں بٹا ہوا ہے یعنی بنگلہ دیش، ہندوستان اور پاکستان اور جہاں سے آغاز ہوا اس علاقے کا پیچھے رہ جانا ایک رنگ میں تکلیف کا موجب ہے۔

یہ درست ہے کہ وہاں مخالفت بھی غیر معمولی طور پر زیادہ ہوئی ہے لیکن جب خدا تعالیٰ کی تقدیر فیصلہ فرمائے تو مخالفت کی کوکھ سے تائید کے ایسے دریا بہہ نکلتے ہیں اور اس قدر قوت سے وہ چشمے پھوٹتے ہیں کہ پھر دنیا کی مخالفانہ طاقتوں کی کچھ پیش نہیں جاتی۔

پس یہ جو آواز عبدالغنی جہانگیر کو سنائی دی گئی ہے کہ وقف جدید کی تحریک کہتی ہے میرا بس کوئی نہیں، چاہوں بھی تو رک نہیں سکتی اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ کا فضل ہے جو مجھے بڑھاتے ہوئے آگے لے جا رہا ہے اس لئے اس معاملہ میں میرا کوئی اختیار نہیں۔ خدا کرے جن معنوں میں مَیں نے اس کی تعبیر سوچی ہے اللہ انہی معنوں میں ہماری توقعات سے بڑھ کر اس کی تعبیر کو پورا فرمائے۔''

(خطبات وقف جدید صفحہ 434,433)

(بقیہ صفحہ 4)

واپس آنے لگا تو حضور نے فرمایا ذرا ٹھہر جاؤ اور آپ اندر تشریف لے گئے اور اندر سے آپ اپنی اچکن لے کر آئے اور فرمایا یہ اچکن میری طرف سے تحفۃً لے جائیں۔ جب آپ نے منصب خلافت پر فائز ہونے کے بعد سندھ کا پہلا سفر کیا تو اس سفر کے دوران آپ نے یہ اچکن پہن رکھی تھی۔

## بیٹے کی خوشخبری

اسی طرح ایک روز حضور نے مجھے شہد کی ایک بوتل دی اور فرمایا یہ شہد مجھے پشاور سے کسی دوست نے بھجوایا ہے اور میں نے یہ شہد آپ کی بیگم کے لئے رکھ چھوڑا تھا۔ یہ آپ گھر لے جائیں اور اپنی بیگم کو میری طرف سے دے دیں اور ان سے کہیں یہ شہد ابھی استعمال نہیں کرنا۔ جب آپ کے ہاں بیٹا ہو تو اس کو اس شہد کی گڑتی دینا اور خود بھی استعمال کرنا اور ساتھ ہی مجھے 10 روپے دیئے اور فرمایا ان کی مٹھائی اور پھل خرید کر گھر لے جانا اور میری طرف سے بچوں کو دینا۔ میں نے واپسی پر خواجہ ریسٹورنٹ سے ایک کلو مٹھائی خریدی اور بازار سے کچھ پھل خریدے پھر بھی میرے پاس 6 روپے بچ گئے۔ میں نے گھر جا کر بچوں میں حضور کی طرف سے مٹھائی اور پھل اور روپے بانٹ دیئے۔ معلوم نہیں حضور کو کیسے معلوم ہو گیا کہ ہمارے ہاں کوئی پیدائش ہونے والی ہے اور وہ بھی بیٹا۔ یہ بیٹا ہمارا سب سے چھوٹا بیٹا ہے۔ جس کا نام مظفر احمد ضیاء ہے اور آجکل جرمنی میں ہے۔

## الجبرا

الجبرا پر دنیا کی پہلی کتاب عراق کے شہرہ آفاق سائنسدان الخوارزمی (850ء) نے لکھی تھی۔ اس نے 1-9 اور صفر کے اعداد 825ء میں اپنی شاہکار کتاب الجبر والقابلہ میں پیش کئے تھے۔ اس سے پہلے لوگ حروف استعمال کرتے تھے۔ اس کتاب کے نام سے الجبرا کا لفظ ماخوذ ہے۔ اس کے تین سو سال بعد اطالین ریاضی دان فبیوناچی (Fibonacci) نے الجبرا یورپ میں متعارف کیا تھا۔ الخوارزمی کے نام سے الگورتھم یعنی ایسی سائنس جس میں 9 ہندسوں اور 0 صفر سے حساب نکالا جائے (Process used for calcuation with a computer) کا لفظ بھی اخذ ہوا ہے۔

ماخوذ

# ریفرنڈم کی تاریخ

ریفرنڈم کا اردو ترجمہ ہمارے ہاں عام طور پر استصواب ہی رائج ہے۔ اسے شورائے عام بھی کہا جاسکتا ہے۔ جس کے ذریعے کسی خاص مسئلے میں کل رائے دہندگان سے بلاواسطہ فیصلہ طلب کیا جاتا ہے۔ مسائل کے تصفیہ کے لئے، ریفرنڈم کا طریقہ سوئٹزرلینڈ میں دوسوسال سے رائج ہے جبکہ تقریباً 85 سال پیشتر انگریزی بولنے والے تمام علاقوں میں اصلاحی تحریکوں نے بھی یہ اصطلاح مسائل پر رائے دہندگان کی رائے طلب کرنے کے معنوں میں استعمال کرنی شروع کر دی تھی۔ پہلی جنگ عظیم کے بعد لیگ آف نیشنز نے حق خودارادیت کی بنیاد پر، سرحدی تنازعات میں عوام کی رائے طلب کرنے کے عمل کو "Plebiscite" کا نام دیا تھا۔ اقوام متحدہ نے بھی اسی اصطلاح کے حوالے سے کئی سرحدی تنازعوں میں اپنا کردار ادا کیا۔ نازی بھی اپنی پالیسیوں کی تصدیق کے لئے یہی اصطلاح استعمال کرتے تھے۔ حقیقتاً ان دونوں اصطلاحات...... ''ریفرنڈم'' اور "Plebiscite" میں واضح فرق کرنا بعض اوقات مشکل ہوجاتا ہے۔

''ریفرنڈم'' کا تصور یونانی جمہوریت میں بھی موجود تھا اور ووٹ کے ذریعے علاقوں کے الحاق کا فیصلہ کرنے کی مثال تو سولہویں صدی کے فرانس اور سوئٹزرلینڈ میں بھی مل جاتی ہے۔

کشمیر میں رائے شماری کے لئے "Plebiscite" کی اصطلاح استعمال ہوتی ہے جبکہ سرحد اور سلہٹ میں رائے شماری کے لئے ''ریفرنڈم'' کی اصطلاح استعمال ہوئی۔ 1960ء میں ایوب خان کی اپنے لئے حاصل کردہ عوامی تائید کو ریفرنڈم ہی کا نام دیا جاسکتا ہے۔

نظریہ جمہوریت کے پھیلاؤ نے اٹھارہویں صدی کے اختتام تک ریفرنڈم کے دروازے، اکثر مہذب قوموں پر کھول دیئے تھے، 1778ء میں بعض امریکی ریاستوں نے آئین سازی اور آئین میں ترمیم و اضافہ کے لئے ریفرنڈم کا طریقہ اختیار کیا۔ نپولین بوناپارٹ نے بھی آئینہ ترامیم اور ''الحاق'' کارروائیوں کے لئے یہی طریقہ استعمال کیا۔ 52-1951ء میں نپولین سوم نے اپنی بادشاہت منوانے کے لئے ریفرنڈم ہی سے اعانت طلب کی۔ انیسویں صدی کے وسط میں اٹلی میں یہی حربہ کامیاب ہوتا رہا۔ انیسویں صدی کے آغاز کے بعد ووٹ رجسٹر کرنے، ووٹ ڈالنے اور ووٹ کو راز رکھنے کی تکنیک کافی ترقی کرگئی تو اسی لحاظ سے ریفرنڈم کے ذریعے ایماندارانہ نتائج کا حصول بھی آسان ہوگیا۔

دنیا کے مختلف ملکوں میں قومی سطح پر منعقد ہونے والے ریفرنڈمز کی تعداد 500 سے اوپر جاچکی ہے۔ ان میں سے 297 صرف سوئٹزرلینڈ اور 39 آسٹریلیا میں منعقد ہوئے، ان دوملکوں میں قومی سطح پر ریفرنڈم کی ''مقبولیت'' ان کے فیڈرل نظام حکومت کی ضرورت میں مضمر ہے۔ باقی ملکوں میں فرانس سرفہرست ہے۔ فرانس میں قومی سطح پر بیس مرتبہ اور ڈنمارک میں تیرہ مرتبہ ریفرنڈم منعقد ہوچکا ہے۔ ایسے ممالک کی تعداد بہت زیادہ ہے جہاں صرف ایک ہی دفعہ ریفرنڈم منعقد ہوا ہے۔ یورپ کے کئی ممالک میں حکومتوں کو اپنی پالیسیوں کی حمایت حاصل کرنے کے لئے منعقدہ ریفرنڈم میں شکست کا سامنا بھی کرنا پڑا ہے۔ ان ملکوں میں عوامی سطح پر کسی ریفرنڈم میں ایسے نتائج کو بوگس سمجھا جاتا ہے جو قومی مسائل پر 95 فیصد یا اس سے زائد فیصد میں ''ہاں'' کی نوید سنا رہے ہوں، نہایت ہی چند ایسے ریفرنڈم ہوئے ہیں، جہاں لوگوں نے آزادانہ ووٹ ڈالے اور نتیجہ قریب قریب سو فیصد رہا اور سب نے اس فیصلے کو بخوشی قبول کیا، مثلاً 1905ء میں ناروے نے سویڈن سے علیحدگی کی حمایت میں 99.9 فیصد ووٹ ڈالے۔ 1944ء میں آئس لینڈ نے ڈنمارک سے علیحدگی کی حمایت میں 99.5 فیصد ووٹ ڈالے اور 1967ء میں جبرالٹر نے برطانیہ سے اپنا تعلق قائم رکھنے کی حمایت میں 99.6 فیصد ووٹ ڈالے۔ فرانس کو بھی قوم پرستی اور سرحدی تنازعات میں اسی قسم کے واضح جذبات کا تجربہ ہوتا رہا ہے لیکن عام ملکی علاقائی مسائل میں 90 فیصد سے اوپر ہاں میں کبھی جواب نہیں آیا۔ یورپ اور قدیم برطانوی دولت مشترکہ سے باہر سوشلسٹ بلاک، افریقہ، عرب ممالک (شام، الجزائر، مصر، سوڈان اور جنوب مشرقی ایشیا (بنگلہ دیش ترکی وغیرہ) کے نام گنوائے جاسکتے ہیں جہاں ریفرنڈم کوئی حکومت اور اس کے نئے آئین کی تائید وتصدیق کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور اس میں حکومتوں کی ہمیشہ جیت ہوتی ہے۔

یہ بات واقعی دلچسپی کا باعث ہے کہ ایسی مطلق العنان حکومتیں بھی جو جمہوریت کی مذمت کرتی رہتی ہیں اور جمہوریت کے تمام معروف اصولوں کو پامال کرکے برسراقتدار آتی ہیں تحفظ اقتدار کے لئے جمہوریت ہی کی ایک نمایاں صورت ریفرنڈم کو سہارے کے طور پر استعمال کرتی ہے، لیکن مغرب کے جمہوری ملکوں کی طرح رائے دہندگان کو آزادانہ سیاسی تربیت دینے کی بجائے ترغیب وترہیب کے ذریعے، انہیں ''ہاں'' میں ووٹ ڈالنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ اس کے باوجود، یہ حقیقت تاریخ کے ریکارڈ پر موجود ہے کہ گھانا میں حکومت وقت کے مکمل فوجی کنٹرول کے باوجود اپریل 1978ء میں ایک پارٹی کی حکومت کی حمایت میں قوم کی طرف سے صرف 54 فیصد ووٹ دیئے گئے۔ گیمبیا میں حکومت (1965ء) اپنے جمہوریت نواز پروگرام کی حمایت میں بمشکل 65.9 فیصد ووٹ حاصل کرسکی تھی۔ بین الاقوامی سطح پر، ایک نہایت دلچسپ ریفرنڈم (1955ء) میں فرانس اور جرمنی کے درمیان طے پانے والے ایک معاہدے کے سلسلے میں ہوا تھا جس میں ''سار'' کے لوگوں نے جرمنی کی حکومت کی پالیسی کے خلاف دوبارہ جرمنی میں مدغم ہونے کا فیصلہ دیا تھا۔ حالیہ برسوں میں چار ملکوں کو وسیع تر یورپی برادری میں شامل ہونے کا فیصلہ ریفرنڈم کے ذریعے (1970ء) اپنے اپنے ملک کے عوام سے لینا پڑا۔ فرانس کو بھی یہ کرنا پڑا۔ اس کے باوجود مغرب کے اکثر جمہوری ملکوں میں، عام طور پر، ریفرنڈم کے ذریعے سنجیدہ اور بنیادی مسائل حل کرنے کا ''رسک'' نہیں لیا جاتا۔ مثلاً سوئٹزرلینڈ اور بعض امریکی ریاستوں کو چھوڑ کر کوئی مغربی ملک بنیادی اخلاق اور مذہبی قدروں یا عقیدوں کو معرض خطر میں ڈالنے کے لئے تیار نہیں ہے۔

بعض ملکوں میں ایسا بھی ہوا ہے کہ عوام نے سرے سے ریفرنڈم کے انعقاد کے فیصلے ہی کو تسلیم نہیں کیا اور ووٹ ڈالنے میں عدم دلچسپی کا مظاہرہ کرکے اپنی ناپسندیدگی واضح کردی (فرانس 1972ء اور ڈنمارک 1953ء) دلچسپ ترین ریفرنڈم ویمری پبلک میں ہوا جس میں کل ووٹروں کا صرف پچاس فیصد حصہ رائے دہی کے عمل میں شریک ہوسکا ''نہ'' میں ووٹ ڈالنے کا آسان طریقہ یہی تھا کہ پچاس فیصد رائے دہندگان گھروں سے باہر نہ نکلے۔ دوموقعوں پر 90 فیصد سے زائد ''ہاں'' میں ووٹ لینے کے باوجود ''ہاں'' کو شکست تسلیم کرنی پڑی۔ ایک دفعہ صرف 39 فیصد رائے دہندگان اور دوسری دفعہ صرف 15 فیصد رائے دہندگان نے ووٹ ڈالنے کی زحمت گوارا کی۔ ظاہر ہے، ووٹ ڈالنا حکماً لازمی قرار دے دیا جائے تو اس قسم کی صورتحال پیدا ہونے کے امکانات پر جزوی طور پر قابو بھی پایا جاسکتا ہے۔ آسٹریلیا، سوئٹزرلینڈ، ڈنمارک، فرانس، آئرلینڈ، ناروے اور سویڈن میں حکومتوں کو ریفرنڈم میں شکست کا سامنا بھی رہا ہے، لیکن اکثر ملکوں میں یہ شکست سیاسی منظر میں فوری تبدیلی لانے میں کامیاب نہ ہوسکی سوائے 1969ء میں فرانس کا ریفرنڈم جسے ڈیگال نے عدم اعتماد کا ووٹ سمجھا اور صدارت سے استعفیٰ دے دیا۔ 1972ء میں ناروے کے ریفرنڈم نے بھی، اس وقت کی غالب سیاسی قوتوں پر دوررس اثرات مرتب کئے، تیسری دنیا میں ریفرنڈم کا فیصلہ، عموماً حکومتیں خود کرتی ہیں اور اس کے نتائج کو اپنی مرضی کے سانچے میں ڈھالنے میں کامیاب بھی رہتی ہیں اور اگر ایسا نہ ہوسکے تو بھی ان کے لئے پریشانی کی کوئی وجہ نہیں، کیونکہ نتائج استصواب، ان حکومتوں کے لئے مشورہ ہیں فرمان نہیں۔

